سراسر روشنی ہے۔ جناب محمود اقبال نے یہ کتاب اپنی طویل قید کے دوران تحریر کی، جب وہ ناموس صحابہ کے تحفظ کے ''جرم'' میں پابند سلاسل کر دیئے گئے تھے۔ انہوں نے قیدِ تنہائی کی یکسوئی میں ایک تعمیری اور مثبت کاوش کی ہے۔

(تبصرہ: سید یونس الحسنی)

کتاب: ''تائید مذہب اہل السنۃ یعنی اردو ترجمہ ردِ روافض''

ضخامت: ۸۰ صفحات   قیمت: درج نہیں   ناشر: ادارہ سعدیہ مجددیہ ۳۷/۱۸ چیمبرلین روڈ، گوالمنڈی، لاہور

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے رسالہ ہذا کا اصل موضوع مسلک اہل سنت کی بھرپور تائید اور اصحاب و اہل بیتِ رسول رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تعظیم و تکریم ہے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ کی ذات گرامی محتاج تعارف نہیں۔ معرکہ ہائے حق و باطل میں ان کا سرفروشانہ انداز قرطاسِ تاریخ برصغیر کا سنہری و جلی باب ہے۔ انہوں نے ایسے دور پرآشوب میں تجدید و احیائے دین کا بیڑہ اٹھایا جب اعدائے اسلام چہار جانب سے یورشیں کر رہے تھے۔ ایک طرف ملحد صوفیوں کا گروہ عقائد اسلام میں ہمہ نوعی بگاڑ پیدا کرنے کی نامشکور سعی کر رہا تھا تو دوسری جانب اصحاب و ازواج رسول علیہم الرضوان پر طعن و تشنیع کی بھرمار تھی۔ مبتدعین اہل اسلام میں نت نئی رسوم پیدا کرنے میں منہمک تھے۔ نصاریٰ و ہنود احکام اسلام میں تشکیک کی کیفیت کو جنم دے کر اس آتش سوزاں کو اپنے مکروہ دامن سے ہوا دے رہے تھے۔ دراصل مسلک حقہ اہل سنت، ایسی ہی کالی آندھیوں کی زد میں تھا۔ بادشاہوں کے بگاڑ نے رفض و سبائیت کو ترویج کے مواقع فراہم کئے اور اس کے مبلغین سیدھے سادے مسلمانوں کو اپنے دام ہمرنگ زمین کا نخچیر بنانے لگے۔ ایسے حوصلہ شکن حالات میں حضرت امام ربانی نے اپنا فرض منصبی پوری توانائی سے انجام دینے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ اس رسالے کی تصنیف کا مقصدِ وحید، ہندی مسلمانوں کے دین و ایمان اور اس کی علامت، عظیم شخصیات یعنی تربیت یافتگانِ رسالت پناہ ﷺ کی عزت و توقیر کا تحفظ کرنا تھا۔ کبھی یہ مکتوبات شریف میں شامل تھا اب ادارہ سعدیہ مجددیہ نے اسے افادۂ عام کے لیے الگ کتاب کی صورت میں شائع کیا ہے۔ جس پر وہ قابل صد تحسین ہیں۔ اس میں روافض کے اعتراضات کا مدلل رد کیا گیا ہے۔ اردو زبان میں اس کی اشاعت پذیری سے عامۃ الناس کے لیے استفادہ آسان ہو گیا ہے۔ بے شک یہ متلاشیانِ حق کے لیے مینارۂ نور کا حکم رکھتا ہے۔   (تبصرہ: سید یونس الحسنی)

کتاب: ''سوانح الحاج مولانا محمد احمد صاحبؒ   تصنیف: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۲۷۲ صفحات   ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرۃ، برانچ خالق آباد ضلع نوشہرہ (سرحد)

حضرت مولانا محمد احمد صاحبؒ، حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ کے ان اجلہ متبعین میں سے تھے، اخلاص و للّٰہیت جن کا خاصہ تھا۔ ان کا شمار اپنے عہد کے ذہین ترین افراد میں ہوتا تھا۔ حق تعالیٰ نے انہیں ذہانت و ذکاوت اور خرق